# مناجات شعبانیہ

اللهُمَّ صَلِّ عَلى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَاسمَعْ دُعَائِيْ إِذَا دَعَوتُكَ وَاسْمَعْ نِدائِيْ إِذَا نَادَيْتُكَ وَاَقْبِلْ عَلَيَّ إِذَا نَاجَيْتُكَ، فَقَدْ هَرَبْتُ اِلَيْكَ وَوَقَفتُ بَيْنَ يَدَيْكَ مُسْتَكِيْنًا لَكَ مُتضَرِّعاً اِلَيْكَ رَاجِيًا لِمَا لَدَيْكَ ثَوَابِيْ.

اے اللہ! درود نازل فرما محمد وآل محمد علیہم السلام پر اور جب میں تجھ سے دعا کروں تو میری دعا کو سن اور جب تجھے پکاروں تو مجھے جواب دے اور جب تجھ سے مناجات کروں تو میری طرف اپنا رخ کرم فرما کیونکہ میں بتحقیق تیری طرف دوڑ کر آیا ہوں اور تیری بارگاہ میں کھڑا ہوں تاکہ تیری ذات سے سکون حاصل کر سکوں اور تیری بارگاہ میں گڑگڑا سکوں اس امید کی وجہ سے جو مجھے تیری بارگاہ سے اپنے ثواب کی امید ہے۔

مفاتیح الجنان

A PROJECT OF BURRAK ORGANIZATION
+92 317 8363951 www.burrak.org burrak Organization info@burrak.org

# مناجات شعبانیہ

وَتَعلَمُ مَا فِيْ نَفْسِيْ وَتُخبِرُ حَاجَتِيْ وَتَعرِفُ ضَمِيْرِيْ، وَلَا يَخْفَى عَلَيْكَ أمرُ مُنْقَلَبِيْ وَمَثْوَايَ وَمَا أُرِيْدُ أَنْ أُبْدِيَ بِهِ مِنْ مَنْطِقِيْ وَأَتَفَوَّهُ بِهِ مِنْ طَلِبَتِيْ وَأَرْجُوْهُ لِعَاقِبَتِيْ

مولائے کائنات امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام مناجات شعبانیہ میں اپنے رب کے حضور فرماتے ہیں:

اور تو جو کچھ میرے نفس میں ہے اسے جانتا ہے اور میری حاجت سے باخبر ہے اور میرے مافی الضمیر سے آگاہ ہے اور تجھ پر میرا انجام اور میری عاقبت مخفی نہیں اور اپنی حاجت میں سے جس چیز کا بھی میں اظہار کرنا چاہوں اور اس کو اپنی زبان سے بیان کرنا چاہوں اور جسے اپنی عاقبت کے لئے چاہوں (سب تو جانتا ہے اور تجھ پر روشن اور عیاں ہے)۔

مفاتیح الجنان

A PROJECT OF BURRAK ORGANIZATION
+92 317 8363951 www.burrak.org burrak Organization info@burrak.org

# مناجات شعبانیہ

وَقَدْ جَرَتْ مَقَادِيْرُكَ عَلَيَّ يَا سَيِّدِيْ فِيْمَا يَكُوْنُ مِنِّيْ إِلَى آخِرِ عُمْرِيْ مِنْ سَرِيْرَتِيْ وَعَلَانِيَّتِيْ وَبِيَدِكَ لَا بِيَدِ غَيْرِكَ زِيَادَتِيْ وَنَقْصِيْ وَنَفْعِيْ وَضَرِّيْ.

**امیر المومنین امام علی بن ابی طالب علیہ السلام مناجات شعبانیہ میں اپنے رب کے حضور فرماتے ہیں:**

اور بتحقیق اے میرے سردار! (میرے متعلق) تیری لکھی ہوئی تقدیریں میری آخر عمر تک جاری ہو چکی ہیں میری تنہائی کی زندگی میں بھی اور میری آشکار زندگی میں بھی اور تیرے ہی دست قدرت میں ہے تیرے سوا کسی کے ہاتھ میں نہیں میری نعمتوں میں اضافہ، میرا نقصان، میرا نفع، میرا خسارہ۔

مفاتیح الجنان

# مناجات شعبانیہ

إلهِيْ إِنْ حَرَمتَنِيْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ يَرْزُقُنِيْ وَإِنْ خَذَلْتَنِيْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ يَنْصُرُنِيْ، إلهِيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ غَضَبِكَ وَحُلُوْلِ سَخَطِكَ، إلهِيْ إِنْ كُنْتُ غَيْرَ مُسْتَأهِلٍ لِرَحمَتِكَ فَأَنْتَ أَهْلٌ أَنْ تَجُودَ عَلَيَّ بِفَضْلِ سَعَتِكَ

**امیر المومنین امام علی علیہ السلام مناجات شعبانیہ میں اپنے رب کے حضور فرماتے ہیں:**

اے میرے معبود! اگر تو نے مجھے محروم کر دیا تو کون ہے جو مجھے عطا کرے گا اور اگر تو نے مجھے رسوا کر دیا تو کون ہے جو میری مدد کرے گا۔ اے میرے معبود! میں تیرے غضب سے تیری پناہ مانگتا ہو اور تیرے عذاب کے نازل ہونے سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ اے میرے معبود! اگر میں تیری رحمت کا اہل نہیں تو تو اس بات کا اہل ہے کہ مجھ پر اپنے وسیع فضل کے سبب فضل و کرم فرما۔

مفاتیح الجنان

A PROJECT OF BURRAK ORGANIZATION
+92 317 8363951 www.burrak.org burrak Organization info@burrak.org

# مناجات شعبانیہ

إِلَهِي كَأَنِّي بِنَفْسِي وَاقِفَةٌ بَيْنَ يَدَيْكَ وَ قَدْ أَظَلَّهَا حُسْنُ تَوَكُّلِي عَلَيْكَ [فقلت] فَفَعَلْتَ مَا أَنْتَ أَهْلُهُ وَ تَغَمَّدْتَنِي بِعَفْوِكَ إِلَهِي إِنْ عَفَوْتَ فَمَنْ أَوْلَى مِنْكَ بِذَلِكَ وَ إِنْ كَانَ قَدْ دَنَا أَجَلِي وَ لَمْ يَدْنُ [يدنني] مِنْكَ عَمَلِي فَقَدْ جَعَلْتُ الْإِقْرَارَ بِالذَّنْبِ إِلَيْكَ وَسِيلَتِي.

**امیر المومنین امام علی علیہ السلام مناجات شعبانیہ میں اپنے رب کے حضور فرماتے ہیں:**

اے میرے معبود! گویا میں اپنے پورے وجود کے ساتھ تیری بارگاہ میں حاضر ہوں جبکہ تجھ پر حُسنِ اعتماد نے میرے وجود کا احاطہ کیا ہوا ہے پس تو نے (میرے ساتھ) وہ کیا جس کا تو اہل تھا اور تو نے اپنے عفو و درگذر سے مجھ پر اپنی (رحمت کی) چادر ڈال دی۔ اے میرے معبود! اگر تو مجھے بخش دے تو بھلا تجھ سے بڑھ کر کون اس بخش دینے اور معاف کر دینے کا سزاوار ہے اور اگر میری موت کا وقت قریب آ چکا ہو لیکن میرے عمل نے مجھے تجھ سے قریب نہ کیا ہو تو بتحقیق میں اپنے گناہوں کے اعتراف کو اپنے اور تیرے درمیان وسیلہ قرار دیتا ہوں۔

مفاتيح الجنان

# مناجات شعبانیہ

إِلَهِي قَدْ جَرَتْ عَلَى نَفْسِي فِي النَّظَرِ لَهَا فَلَهَا الْوَيْلُ إِنْ لَمْ تَغْفِرْ لَهَا
إِلَهِي لَمْ يَزَلْ بِرُّكَ عَلَيَّ أَيَّامَ حَيَاتِي فَلَا تَقْطَعْ بِرَّكَ عَنِّي فِي مَمَاتِي
إِلَهِي كَيْفَ آيَسُ مِنْ حُسْنِ نَظَرِكَ لِي بَعْدَ مَمَاتِي وَ أَنْتَ لَمْ تُوَلِّنِي إِلَّا
الْجَمِيلَ فِي حَيَاتِي إِلَهِي تَوَلَّ مِنْ أَمْرِي مَا أَنْتَ أَهْلُهُ وَ عُدْ عَلَيَّ
بِفَضْلِكَ عَلَى مُذْنِبٍ قَدْ غَمَرَهُ جَهْلُهُ..

امیر المومنین امام علی علیہ السلام مناجات شعبانیہ میں اپنے رب کے حضور فرماتے ہیں:

اے میرے معبود! میں نے اپنے نفس پر جرأت کی (کہ تجھے چھوڑ کر) اس کی طرف چلا گیا پس ہلاکت ہو اس نفس کے لئے اگر تو اسے نہ بخشے۔ اے میرے معبود! تیرا فضل و کرم میری زندگی میں ہمیشہ میرے ساتھ رہا پس میری موت کے بعد بھی اس فضل و کرم کو مجھ سے منقطع نہ فرما۔ اے میرے معبود! بھلا موت کے بعد میں کیسے تیری نظر کرم سے ناامید ہو جاؤں جبکہ تو نے میری زندگی میں میرے ساتھ سوائے اچھائی کے اور کچھ نہیں کیا۔ اے میرے معبود! میرے امر کی اس طرح سرپرستی فرما جس کا تو اہل ہے اور ایک ایسے گناہگار پر جسے اس کی جہالت نے اسے گھیر لیا ہو، اپنے فضل کے سبب دوبارہ نظر کرم فرما۔

مفاتیح الجنان

A PROJECT OF BURRAK ORGANIZATION
+92 317 8363951 www.burrak.org burrak Organization info@burrak.org

# مناجات شعبانیہ

إِلَهِي قَدْ سَتَرْتَ عَلَيَّ ذُنُوباً فِي الدُّنْيَا وَ أَنَا أَحْوَجُ إِلَى سَتْرِهَا عَلَيَّ مِنْكَ فِي الْأُخْرَى إِلَهِي قَدْ أَحْسَنْتَ إِلَيَّ إِذْ لَمْ تُظْهِرْهَا لِأَحَدٍ مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِينَ فَلَا تَفْضَحْنِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى رُءُوسِ الْأَشْهَادِ إِلَهِي جُودُكَ بَسَطَ أَمَلِي وَ عَفْوُكَ أَفْضَلُ مِنْ عَمَلِي .

امیر المومنین امام علی علیہ السلام مناجات شعبانیہ میں اپنے رب کے حضور فرماتے ہیں:

اے میرے معبود! تونے دنیا میں میرے گناہوں کی پردہ پوشی کی جبکہ آخرت میں، میں اس سے کہیں زیادہ اپنے گناہوں کی ستر پوشی کا محتاج ہوں۔ میرے معبود! تونے مجھ پر احسان کیا کہ میرے گناہوں کو اپنے صالح بندوں میں سے کسی ایک پر بھی ظاہر نہیں کیا پس قیامت کے دن مجھے میرے گواہوں کے سامنے رسوا نہ کرنا۔ میرے معبود! تیرے جودوکرم نے میری امید کا احاطہ کرلیا ہے اور تیری بخشش میرے عمل سے کہیں زیادہ افضل ہے۔

مفاتیح الجنان

A PROJECT OF BURRAK ORGANIZATION
+92 317 8363951 www.burrak.org burrak Organization info@burrak.org

# مناجات شعبانیہ

إِلَهِي فَسُرَّنِي بِلِقَائِكَ يَوْمَ تَقْضِي فِيهِ بَيْنَ عِبَادِكَ إِلَهِي اعْتِذَارِي إِلَيْكَ اعْتِذَارُ مَنْ لَمْ يَسْتَغْنِ عَنْ قَبُولِ عُذْرِهِ فَاقْبَلْ عُذْرِي [يَا كَرِيمُ] يَا أَكْرَمَ مَنِ اعْتَذَرَ إِلَيْهِ الْمُسِيئُونَ إِلَهِي لَا تَرُدَّ حَاجَتِي وَ لَا تُخَيِّبْ طَمَعِي وَ لَا تَقْطَعْ مِنْكَ رَجَائِي وَ أَمَلِي.

**امیر المومنین امام علی علیہ السلام مناجات شعبانیہ میں اپنے رب کے حضور فرماتے ہیں:**

اے میرے معبود! پس اس دن جب تو اپنے بندوں کے درمیان فیصلہ صادر کرے گا مجھے اپنی ملاقات سے مسرور فرما۔ میرے معبود! میری تجھ سے عذر خواہی اس شخص کی عذر خواہی کی طرح ہے جو عذر کے قبول ہونے سے بے نیاز نہیں پس میرے عذر کو قبول فرما اے ان تمام افراد میں سب سے زیادہ کرم والے کہ جن کے سامنے خطا کار عذر پیش کرتے ہیں۔ میرے معبود! میری حاجت کو رد نہ کر۔ میری (امید کی) طمع کو محروم نہ فرما اور میری امید کو نہ توڑ۔

مفاتیح الجنان

# مناجات شعبانیہ

إِلَهِي لَوْ أَرَدْتَ هَوَانِي لَمْ تَهْدِنِي وَ لَوْ أَرَدْتَ فَضِيحَتِي لَمْ تُعَافِنِي إِلَهِي مَا أَظُنُّكَ تَرُدُّنِي فِي حَاجَةٍ قَدْ أَفْنَيْتُ عُمُرِي فِي طَلَبِهَا مِنْكَ إِلَهِي فَلَكَ الْحَمْدُ أَبَداً أَبَداً دَائِماً سَرْمَداً يَزِيدُ وَ لَا يَبِيدُ كَمَا تُحِبُّ وَ تَرْضَى.

**امیر المومنین امام علی علیہ السلام مناجات شعبانیہ میں اپنے رب کے حضور فرماتے ہیں:**

اے میرے معبود! اگر تو نے مجھے رسوا کرنے کا ارادہ کیا ہوتا تو میری ہدایت نہ فرماتا اور اگر تو نے مجھے ذلیل وخوار کرنے کا ارادہ کیا ہوتا تو مجھے عافیت نہ دیتا۔ میرے معبود! میں گمان نہیں کرتا کہ تو میری اس حاجت کو رد فرمائے گا جس کی طلب میں نے زندگی گزار دی۔ میرے معبود! پس تیرے لئے ہی تمام تر تعریفیں ہیں ہمیشہ سے ازل سے جس کی نہ کوئی ابتدا ہے اور نہ کوئی انتہاء ایسی تعریف جو بڑھتی ہی رہتی ہے اور کبھی پرانی نہیں ہوتی جس طرح تو چاہتا ہے (کہ تیری تعریف ہو) اور (جس تعریف سے تو) راضی ہو۔

مفاتیح الجنان


+92 317 8363951 www.burrak.org burrak Organization info@burrak.org

# مناجات شعبانیہ

إِلَهِي إِنْ أَخَذْتَنِي بِجُرْمِي أَخَذْتُكَ بِعَفْوِكَ وَ إِنْ أَخَذْتَنِي بِذُنُوبِي
أَخَذْتُكَ بِمَغْفِرَتِكَ وَ إِنْ [إِذا] أَدْخَلْتَنِي النَّارَ أَعْلَمْتُ أَهْلَهَا أَنِّي أُحِبُّكَ
إِلَهِي إِنْ كَانَ [قَدْ] صَغُرَ فِي جَنْبِ طَاعَتِكَ عَمَلِي فَقَدْ كَبُرَ فِي جَنْبِ
رَجَائِكَ أَمَلِي إِلَهِي كَيْفَ أَنْقَلِبُ مِنْ عِنْدِكَ بِالْخَيْبَةِ مَحْرُوماً وَ قَدْ كَانَ
حُسْنُ ظَنِّي بِجُودِكَ أَنْ تَقْلِبَنِي بِالنَّجَاةِ مَرْحُوماً.

**امیر المومنین امام علی علیہ السلام مناجات شعبانیہ میں اپنے رب کے حضور فرماتے ہیں:**

اے میرے معبود! گر تو نے میرے گناہوں کی وجہ سے میری گرفت کی تو میں تیری بخشش کا دامن تھام لوں گا اور اگر تو میرے گناہوں کی وجہ سے مجھے پکڑا تو میں تیری مغفرت کے ذریعے تجھ کو تھام لوں گا اور اگر تو نے مجھے آتش جہنم میں داخل کیا تو تمام اہل جہنم کو یہ بتادوں گا کہ میں تجھ سے محبت کرتا ہوں۔ اے میرے معبود! اگر تیری اطاعت کے مقابلہ میں میرا عمل بہت مختصر ہو تو تیری امید کے مقابلہ میں میری تجھ سے امید بہت بڑی ہے۔ اے میرے معبود! میں کیسے تیری بارگاہ میں ناکام اور نامراد پلٹ سکتا ہوں جبکہ تیرے جود و سخا سے میرا حسن ظن یہ ہے کہ تو مجھے نجات کے ساتھ تیری رحمت سے بھرہ مند ہو کر مجھے اپنی بارگاہ سے واپس پلٹائے گا۔

مفاتیح الجنان

A PROJECT OF BURRAK ORGANIZATION
+92 317 8363951 www.burrak.org burrak Organization info@burrak.org

# مناجات شعبانیہ

إِلَهِي وَ قَدْ أَفْنَيْتُ عُمُرِي فِي شِرَّةِ السَّهْوِ عَنْكَ وَ أَبْلَيْتُ شَبَابِي فِي سَكْرَةِ التَّبَاعُدِ مِنْكَ إِلَهِي فَلَمْ أَسْتَيْقِظْ أَيَّامَ اغْتِرَارِي بِكَ وَ رُكُونِي إِلَى سَبِيلِ سَخَطِكَ إِلَهِي وَ أَنَا عَبْدُكَ وَ ابْنُ عَبْدِكَ [عبديك] قَائِمٌ بَيْنَ يَدَيْكَ مُتَوَسِّلٌ بِكَرَمِكَ إِلَيْكَ.

امیر المومنین امام علی علیہ السلام مناجات شعبانیہ میں اپنے رب کے حضور فرماتے ہیں:

اے میرے معبود! میں نے اپنی عمر تجھ سے انتہائی غفلت کے عالم میں گزار دی اور اپنی جوانی کو تجھ سے دوری کی مستی میں بوڑھا کر دیا۔ اے میرے معبود! پس میں تجھ سے اپنی غفلت کے ایام میں اور تیرے غصب کی طرف مائل ہونے کے ایام میں بیدار نہیں ہوا اس حال میں کہ میں تیرا ہی بندہ ہوں اور تیرے بندے کا بیٹا ہوں تیری بارگاہ میں کھڑا تیرے کرم کے وسیلہ سے تجھ سے متوسل ہوتا ہوں۔

مفاتیح الجنان

A PROJECT OF BURRAK ORGANIZATION
+92 317 8363951 www.burrak.org burrak Organization info@burrak.org

# مناجات شعبانیہ

إِلَهِي أَنَا عَبْدٌ أَتَنَصَّلُ إِلَيْكَ مِمَّا كُنْتُ أُوَاجِهُكَ بِهِ مِنْ قِلَّةِ اسْتِحْيَائِي مِنْ نَظَرِكَ وَ أَطْلُبُ الْعَفْوَ مِنْكَ إِذِ الْعَفْوُ نَعْتٌ لِكَرَمِكَ

امیر المومنین امام علی علیہ السلام مناجات شعبانیہ میں اپنے رب کے حضور فرماتے ہیں:

اے میرے معبود! میں تیرا وہ بندہ ہوں جس نے اس بات کی (بھی) حیاء نہیں کی کہ تو مجھے دیکھ رہا ہے اور میرے اعمال سے باخبر ہے، میں اپنی اس حالت سے بیزار ہو کر تیری بارگاہ آ چکا ہوں اور تجھ سے بخشش کا طالب ہوں کیونکہ بخش دینا تیرے کرم کی صفت ہے۔

مفاتیح الجنان

# مناجات شعبانیہ

إِلَهِي لَمْ يَكُنْ لِي حَوْلٌ فَأَنْتَقِلَ بِهِ عَنْ مَعْصِيَتِكَ إِلَّا فِي وَقْتٍ أَيْقَظْتَنِي لِمَحَبَّتِكَ وَ كَمَا [كلما] أَرَدْتَ أَنْ أَكُونَ كُنْتُ فَشَكَرْتُكَ بِإِدْخَالِي فِي كَرَمِكَ وَ لِتَطْهِيرِ قَلْبِي مِنْ أَوْسَاخِ الْغَفْلَةِ عَنْكَ.

امیر المومنین امام علی علیہ السلام مناجات شعبانیہ میں اپنے رب کے حضور فرماتے ہیں:

اے میرے معبود! میرے لئے کوئی ایسا زمانہ نہیں آیا کہ جس میں، میں تیری معصیت سے اپنے آپ کو تبدیل کر سکوں مگر اسی وقت کہ جب تو نے مجھے اپنی محبت کے لئے بیدار کیا اور جب تو نے ارادہ کیا کہ میں ویسا بن جاؤں جیسا تو چاہتا ہے پس میں تیرا شکر بجالاتا ہوں کہ تو نے مجھے اپنے کرم کی چادر میں داخل کیا اور میرے دل کو غفلت کی گندگی سے پاک فرمایا۔

مفاتیح الجنان

A PROJECT OF BURRAK ORGANIZATION
+92 317 8363951 www.burrak.org burrak Organization info@burrak.org

# مناجات شعبانیہ

إِلَهِي انْظُرْ إِلَيَّ نَظَرَ مَنْ نَادَيْتَهُ فَأَجَابَكَ وَ اسْتَعْمَلْتَهُ بِمَعُونَتِكَ
فَأَطَاعَكَ يَا قَرِيباً لَا يَبْعُدُ عَنِ الْمُغْتَرِّ بِهِ وَ يَا جَوَاداً لَا يَبْخَلُ
عَمَّنْ رَجَا ثَوَابَهُ.

**امیر المومنین امام علی علیہ السلام مناجات شعبانیہ میں اپنے رب کے حضور فرماتے ہیں:**

اے میرے معبود! میری طرف اس شخص کی طرح نظر کرم فرما کہ جسے تو نے پکارا ہو اور اس نے تیری صدا پر لبیک کہا ہو اور جسے تو نے اپنی مدد سے اپنی اطاعت کے لئے عمل کی دعوت دی ہو اور اس نے تیری اطاعت کی ہو۔ اے وہ قریب ذات جو اپنے سے غافل شخص سے دور نہیں اور اے وہ کریم جو ثواب کی امید رکھنے والے کے ساتھ بخل نہیں فرماتا۔

مفاتیح الجنان

A PROJECT OF BURRAK ORGANIZATION
+92 317 8363951 www.burrak.org burrak Organization info@burrak.org

# مناجات شعبانیہ

إِلَهِي هَبْ لِي قَلْباً يُدْنِيهِ مِنْكَ شَوْقُهُ وَ لِسَاناً يرفع [يَرْفَعُهُ] إِلَيْكَ صِدْقُهُ وَ نَظَراً يُقَرِّبُهُ مِنْكَ حَقُّهُ إِلَهِي إِنَّ مَنْ تَعَرَّفَ بِكَ غَيْرُ مَجْهُولٍ وَ مَنْ لَاذَ بِكَ غَيْرُ مَخْذُولٍ وَ مَنْ أَقْبَلْتَ عَلَيْهِ غَيْرُ مملوك [مَمْلُولٍ].

امیر المومنین امام علی علیہ السلام مناجات شعبانیہ میں اپنے رب کے حضور فرماتے ہیں:

اے میرے معبود! مجھے وہ دل عطا فرما جس کا شوق اسے تجھ سے قریب کر دے اور وہ زبان عطا کر جس کی سچائی تیری بارگاہ تک بلند ہو اور ایسی بصارت سے نواز دے جس کا حق اسے تجھ سے نزدیک کر دے۔ اے میرے معبود! جو تیرے وسیلہ سے متعارف ہو وہ مجہول و گمنام نہیں ہوتا اور جو تیری پناہ میں آجائے وہ کبھی رسوا نہیں ہو سکتا اور جس کی طرف تو متوجہ ہو جائے تو وہ اُکتاہٹ کا شکار نہیں ہو سکتا۔

مفاتیح الجنان

A PROJECT OF BURRAK ORGANIZATION
+92 317 8363951 www.burrak.org burrak Organization info@burrak.org

# مناجات شعبانیہ

إِلَهِي إِنَّ مَنِ انْتَهَجَ بِكَ لَمُسْتَنِيرٌ وَ إِنَّ مَنِ اعْتَصَمَ بِكَ لَمُسْتَجِيرٌ وَ قَدْ لُذْتُ بِكَ يَا إِلَهِي [سَيِّدِي] فَلَا تُخَيِّبْ ظَنِّي مِنْ رَحْمَتِكَ وَ لَا تَحْجُبْنِي عَنْ رَأْفَتِكَ إِلَهِي أَقِمْنِي فِي أَهْلِ وَلَايَتِكَ مَقَامَ مَنْ رَجَا الزِّيَادَةَ مِنْ مَحَبَّتِكَ .

امیر المومنین امام علی علیہ السلام مناجات شعبانیہ میں اپنے رب کے حضور فرماتے ہیں:

اے میرے معبود! جو تیری طرف راہ چل پڑا وہ یقیناً ہدایت یافتہ ہے اور جو تیرا دامن تھام لے وہ یقیناً پناہ پا لینے والا ہے اور اے میرے معبود! میں نے تیری پناہ میں آچکا ہوں پس تیری رحمت کے متعلق میرے حسن ظن کو ناکام و نامراد نہ فرما اور مجھ سے اپنی مہربانی اور شفقت کو پردہ میں نہ رکھ۔ خدایا! اہل ولایت میں سے مجھے اس شخص کے مقام پر کھڑا کر جو تجھ سے تیری محبت میں اضافہ کا خواہاں ہو۔

مفاتیح الجنان

A PROJECT OF BURRAK ORGANIZATION
+92 317 8363951 www.burrak.org burrak Organization info@burrak.org

# مناجات شعبانیہ

إِلَهِي وَ أَلْهِمْنِي وَلَهاً بِذِكْرِكَ إِلَى ذِكْرِكَ وَ [اجْعَلْ] هِمَّتِي فِي رَوْحِ نَجَاحِ أَسْمَائِكَ وَ مَحَلِّ قُدْسِكَ إِلَهِي بِكَ عَلَيْكَ إِلَّا أَلْحَقْتَنِي بِمَحَلِّ أَهْلِ طَاعَتِكَ وَ الْمَثْوَى الصَّالِحِ مِنْ مَرْضَاتِكَ فَإِنِّي لَا أَقْدِرُ [أملك] لِنَفْسِي دَفْعاً وَ لَا أَمْلِكُ لَهَا نَفْعاً.

**امیر المومنین امام علی علیہ السلام مناجات شعبانیہ میں اپنے رب کے حضور فرماتے ہیں:**

اے میرے معبود! مجھ پر تو اپنی والہانہ یاد کا الہام فرما اور میری (تمام تر) ہمت اور کوشش کو تو اپنے ناموں کی کامیابی میں اور اپنے مقدس مقام میں قرار دے۔ اے میرے معبود! تجھے تیرے اس حق کا واسطہ جو خود تجھ پر ہے مگر یہ کہ مجھے صاحبان اطاعت اور تیری مرضی میں سے صالح مقام کے ساتھ ملحق فرما کیونکہ میں نہ اپنے نفس سے (کسی قسم کے شر کو) دور کرنے پر قادر ہوں اور نہ ہی اپنے نفس کے لئے کسی فائدہ پر قدرت رکھتا ہوں۔

مفاتیح الجنان

A PROJECT OF BURRAK ORGANIZATION
+92 317 8363951 www.burrak.org burrak Organization info@burrak.org

# مناجات شعبانیہ

إِلَهِي أَنَا عَبْدُكَ الضَّعِيفُ الْمُذْنِبُ وَ مَمْلُوكُكَ الْمُنِيبُ فَلاَ تَجْعَلْنِي مِمَّنْ صَرَفْتَ عَنْهُ وَجْهَكَ وَ حَجَبَهُ [حجبك] سَهْوُهُ عَنْ عَفْوِكَ.

امیر المومنین امام علی علیہ السلام مناجات شعبانیہ میں اپنے رب کے حضور فرماتے ہیں:

اے میرے معبود! میں تیرا ضعیف وناتوان، گناہگار بندہ ہوں اور تیرا وہ غلام ہوں جس نے تیری طرف رجوع کیا ہے پس مجھے ان لوگوں میں سے قرار نہ دے جن کی غفلت نے انہیں تیری بخشش سے پردے میں رکھا ہے۔

مفاتیح الجنان

A PROJECT OF BURRAK ORGANIZATION
+92 317 8363951 www.burrak.org burrak Organization info@burrak.org

# مناجات شعبانیہ

إِلَهِي هَبْ لِي كَمَالَ الِانْقِطَاعِ إِلَيْكَ وَ أَنِرْ أَبْصَارَ قُلُوبِنَا بِضِيَاءِ
نَظَرِهَا إِلَيْكَ حَتَّى تَخْرِقَ أَبْصَارُ الْقُلُوبِ حُجُبَ النُّورِ فَتَصِلَ إِلَى
مَعْدِنِ الْعَظَمَةِ وَ تَصِيرَ أَرْوَاحُنَا مُعَلَّقَةً بِعِزِّ قُدْسِكَ.

امیر المومنین امام علی علیہ السلام مناجات شعبانیہ میں اپنے رب کے حضور فرماتے ہیں:

میرے معبود! تو مجھے ایسا بنا دے کہ میں تیری ذات میں گم ہو کر رہ جاؤں اور ہمارے
دلوں کی آنکھوں کو تو اپنی ضیائے کرم سے منور فرما یہاں تک کہ ہمارے دلوں کی
آنکھیں نور کے پردوں کو چیرتی ہوئی تیری عظمت کے سرچشمہ تک جا پہنچیں اور ہماری
روحیں تیری پاکیزہ بلندی سے معلق ہو جائیں۔

مفاتیح الجنان

A PROJECT OF BURRAK ORGANIZATION
+92 317 8363951 www.burrak.org burrak Organization info@burrak.org

# مناجات شعبانیہ

إِلَهِي وَ اجْعَلْنِي مِمَّنْ نَادَيْتَهُ فَأَجَابَكَ وَ لاحَظْتَهُ فَصَعِقَ لِجَلَالِكَ فَنَاجَيْتَهُ سِرّاً وَ عَمِلَ لَكَ جَهْراً إِلَهِي لَمْ أُسَلِّطْ عَلَى حُسْنِ ظَنِّي قُنُوطَ الْأَيَاسِ وَ لَا انْقَطَعَ رَجَائِي مِنْ جَمِيلِ كَرَمِكَ.

**امیر المومنین امام علی علیہ السلام مناجات شعبانیہ میں اپنے رب کے حضور فرماتے ہیں:**

اے میرے معبود! مجھے ان افراد میں سے قرار دے جنہیں تو نے پکارا تو انہوں نے تیری صدا پر لبیک کہا اور جن پر تو نے توجہ ڈالی تو وہ تیری جلالت کی وجہ سے مدہوش ہو کر رہ گئے پس تو نے ان سے خفیہ سرگوشی کی اور انہوں نے کھل کر تیری اطاعت میں عمل انجام دیا۔ اے میرے معبود! میں نے اپنے حسن ظن پر مایوسی اور ناامید کو مسلط نہیں کیا اور میری امید تیرے اچھے کرم سے منقطع نہیں ہوئی۔

مفاتیح الجنان

A PROJECT OF BURRAK ORGANIZATION

+92 317 8363951 www.burrak.org burrak Organization info@burrak.org

# مناجات شعبانیہ

إِلٰهِي إِنْ كَانَتِ الْخَطَايَا قَدْ أَسْقَطَتْنِي لَدَيْكَ فَاصْفَحْ عَنِّي بِحُسْنِ تَوَكُّلِي عَلَيْكَ إِلٰهِي إِنْ حَطَّتْنِي الذُّنُوبُ مِنْ مَكَارِمِ لُطْفِكَ فَقَدْ نَبَّهَنِي الْيَقِينُ إِلَى كَرَمِ عَطْفِكَ.

امیر المومنین امام علی علیہ السلام مناجات شعبانیہ میں اپنے رب کے حضور فرماتے ہیں:

اے میرے معبود! اگر میری خطاؤں نے مجھے تیری بارگاہ سے گرادیا ہے تو میرے حسنِ توکل کے سبب مجھ سے درگزر فرما۔ اے میرے معبود! اگر میرے گناہوں نے مجھے تیرے لطف وکرم کے اچھے اخلاق سے گرادیا ہے تو مجھے میرے یقین نے تیری مہربانی کے کرم کی طرف راہنمائی کی ہے۔

مفاتیح الجنان

# مناجات شعبانیه

إِلَهِي إِنْ أَنَامَتْنِي الْغَفْلَةُ عَنِ الاِسْتِعْدَادِ لِلِقَائِكَ فَقَدْ نَبَّهَتْنِي الْمَعْرِفَةُ بِكَرَمِ آلاَئِكَ. إِلَهِي إِنْ دَعَانِي إِلَى النَّارِ عَظِيمُ عِقَابِكَ فَقَدْ دَعَانِي إِلَى الْجَنَّةِ جَزِيلُ ثَوَابِكَ

امیر المومنین امام علی علیہ السلام مناجات شعبانیہ میں اپنے رب کے حضور فرماتے ہیں:

اے میرے معبود! اگر خوابِ غفلت نے مجھے تجھ سے ملاقات کی آمادگی سے غافل کر دیا تو میری معرفت نے مجھے تیری نعمتوں کے کرم کے ذریعے جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے۔ اے میرے معبود! اگر آتش جہنم کی طرف تیرے باعظمت عقاب نے مجھے کھینچ لیا ہے تو تیرے عظیم ثواب نے مجھے جنت کی دعوت دی ہے۔

مفاتیح الجنان

A PROJECT OF BURRAK ORGANIZATION
+92 317 8363951 www.burrak.org burrak Organization info@burrak.org

# مناجات شعبانیہ

إِلَهِي فَلَكَ أَسْأَلُ وَ إِلَيْكَ أَبْتَهِلُ وَ أَرْغَبُ [وَ أَسْأَلُكَ] أَنْ تُصَلِّيَ عَلَى مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ وَ أَنْ تَجْعَلَنِي مِمَّنْ يُدِيمُ ذِكْرَكَ وَ لَا يَنْقُضُ عَهْدَكَ وَ لَا يَغْفُلُ عَنْ شُكْرِكَ وَ لَا يَسْتَخِفُّ بِأَمْرِكَ.

امیر المومنین امام علی علیہ السلام مناجات شعبانیہ میں اپنے رب کے حضور فرماتے ہیں:

اے میرے معبود! پس میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری بارگاہ میں خضوع وخشوع سے کام لیتا ہوں اور تیری طرف رغبت رکھتا ہوں کہ تو محمد اور آل محمد علیہم السلام پر درود نازل فرما اور مجھے ان لوگوں میں سے قرار دے جو ہمیشہ تیرے ذکر میں رہتے ہیں اور تجھ سے کیا ہوا عہد نہیں توڑتے اور تیرے شکر سے غافل نہیں ہوتے اور تیرے حکم کو حقیر نہیں جانتے۔

مفاتیح الجنان

# مناجات شعبانیہ

إِلَهِي وَ أَلْحِقْنِي بِنُورِ عِزِّكَ الْأَبْهَجِ فَأَكُونَ لَكَ عَارِفاً وَ عَنْ سِوَاكَ مُنْحَرِفاً وَ مِنْكَ خَائِفاً مُرَاقِباً يَا ذَا الْجَلَالِ وَ الْإِكْرَامِ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ رَسُولِهِ وَ آلِهِ الطَّاهِرِينَ وَ سَلِّمَ تَسْلِيماً كَثِيرا.

امیر المومنین امام علی علیہ السلام مناجات شعبانیہ میں اپنے رب کے حضور فرماتے ہیں:

اے میرے معبود! تیری عزت اور جلال کے مسرور کردینے والے نور سے مجھے ملحق فرما تا کہ میں تیرا عارف بندہ بن سکوں اور تیرے غیر سے رخ موڑلوں۔ اے صاحب جلال اور احترام اپنے رسول محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل علیہم السلام پر درود نازل فرما اور ان ہستیوں پر کثرت سے سلام بھیج۔

مفاتیح الجنان

A PROJECT OF BURRAK ORGANIZATION
+92 317 8363951 www.burrak.org burrak Organization info@burrak.org